# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** لغت میں سے الفاظ کے معانی تلاش کر سکیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، الفاظ پر مشتمل شیٹیں، سوالات پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو الف بائی ترتیب کا اعادہ کروائیں۔
- ان کو لغت دکھائیں اور بتائیں کہ لغت میں تمام الفاظ الف بائی ترتیب سے درج ہوتے ہیں۔
- جماعت میں بچوں کے دو گروہ بنائیں۔
- انھیں دو لغات دیں اور سوال نمبر 4 میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل شیٹیں دیں۔
- ان کو ضروری ہدایات دینے کے بعد کہیں لغت میں سے معانی تلاش کریں اور الفاظ کو الف بائی ترتیب میں لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی شیٹوں پر لکھے الفاظ، ان کے معانی اور ان کی الف بائی ترتیب پڑھ کر سنائیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 23 پر دیے گئے سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں سے سوال میں موجود عبارت خاموشی سے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے ساتھ ایک کھیل کھیلیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر مقرر کریں۔
- ہر گروہ کے سامنے باری باری ٹوکری کریں جس میں تفہیم عبارت میں دیے گئے سوالات کی پرچیاں موجود ہوں۔
- بچوں سے کہیں ایک ایک پرچی اٹھالیں اور پرچی پر لکھا سوال پڑھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔
- اس کی آنکھوں پر پٹی باندھیں۔
- اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان کھڑا کر دیں۔
- اس سے کہیں کہ وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی بچے کو چھوئے جس بچے کو چھوا جائے گا وہ کھڑا ہو کر اپنی پرچی پر لکھے سوال کو پڑھے گا اور جواب دے گا۔

| |
|---|
| • درست جواب پر اس بچے کے گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔<br>• سرگرمی کے اختتام پر سب بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر ان سے تفہیم عبارت کے سوالات بورڈ پر حل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت کا کام گھر میں دہرانا ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** فعل امر اور فعل نہی کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

عددی ترتیب لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کلڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، جملوں پر مشتمل پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بورڈ پر چند جملے لکھیں جن میں کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے کا کہا گیا ہو۔
- بچوں سے ان جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے سوال کریں کن کاموں کو کرنے سے ان کے امی ابو منع کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بورڈ پر چند جملے لکھیں اور ان جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں جن جملوں میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا گیا ہو فعل امر کہلاتے ہیں۔
- جب کہ جن جملوں میں کسی کام کے کرنے سے منع کیا جائے، فعل نہی کے جملے کہلاتے ہیں۔
- بورڈ پر لکھے جملوں کے آگے فعل امر اور فعل نہی لکھیں۔

| | |
|---|---|
| دانت صاف کرو۔ | فعل امر |
| ٹھنڈا پانی مت پیو۔ | فعل نہی |
| بڑوں کا کہا مانو۔ | فعل امر |
| جھوٹ مت بولو۔ | فعل نہی |

- اب سوال نمبر 8 میں دیے ہوئے جملوں پر مشتمل پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- یہ ٹوکری ایک گروہ کو دیں۔
- اس گروہ کے بچے ٹوکری میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے جملے باری باری پڑھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے جملے سن کر ان کے فعل امر اور فعل نہی ہونے کی نشاندہی کریں۔
- درست جواب پر گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے جبکہ غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورڈ پر سطر میں بیس، پنسلیں اور پندرہ گیندیں بنائیں۔

- اب عددی ترتیب کا استعمال کرتے ہوئے ان چیزوں کے نام بولیں۔
- جیسے پنسلوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پہلی پنسل، دوسری۔۔۔۔۔انیسویں پنسل اور بیسویں پنسل۔
- اب آپ چیزیں کی طرف اشارہ کریں اور بچوں کو اسی ترتیب سے چیزوں کے نام بتانے کے لیے کہیں۔
- سب بچے بلند آواز سے چیزوں کی ترتیب بولیں۔
- بچوں کو بتائیں الفاظ پہلا، دوسرا، تیسرا عددی ترتیب ہیں وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب کو اور درجوں کو ظاہر کریں، عددی ترتیب کہلاتے ہیں۔
- عددی ترتیب کا تصور دینے کے بعد سوال 9 اور 10 کی سرگرمی حل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر 11 تا 20 اعداد لکھیں اور ان کے سامنے عددی ترتیب لکھنے کی خالی جگہ چھوڑ دیں۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان سے اعداد کی ترتیب لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |
| **مقاصد**: اسکول میں منعقدہ تقریب کا احوال مربوط اور رواں انداز میں لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات**: بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، 1تا4 نمبر پرچیاں | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادہ کے لیے سوال نمبر 8 میں دیے گئے جملوں کی پرچیاں بنائیں اور ٹوکری میں ڈالیں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دیں۔
- انھیں پرچی کھول کر جملہ پڑھنے کو کہیں۔
- اور ہدایت دیں کہ مشورہ کرکے بتائیں یہ کون سا جملہ ہے؟ جواب کو ذہن میں رکھیں۔
- سوچنے کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد 1تا4 نمبر پرچیاں بنائیں اور ہر گروہ کو ایک ایک پرچی پکڑا دیں۔
- جس گروہ کے پاس 1 نمبر کی پرچی آئی ہوگی وہ بورڈ پر آئے اور اپنی پرچی پر لکھے جملے کو پہلے جماعت کو سنائے پھر بورڈ پر لکھ کر بتائے یہ جملہ فعل امر ہے یا فعل نہی۔
- درست جواب دینے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کسی بھی آنکھوں دیکھے حال کو تحریری طور پر بیان کرنے کے لیے الفاظ کے مجموعے کے ساتھ ساتھ جملوں کے باہمی ربط اور تسلسل کا خیال رکھنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ اگر عبارت میں احوال کو مربوط اور رواں انداز میں پیش نہ کیا جائے تو اس میں حسن پیدا نہیں ہوتا۔
- عبارت لکھنے کے لیے گہرے مشاہدے کے ساتھ، اس بات کا بھی خیال رکھا جاتا ہے کہ تقریب کا کوئی پہلو نظروں سے اوجھل نہ رہے۔
- اسکول میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریب کے حوالے سے لکھنے کے لیے ایک خاکہ بورڈ پر تیار کریں۔
- ”آزادی بیش بہا نعمت ہے۔ زندہ قوموں کی علامت ہے کہ وہ اپنی تاریخ کو یاد رکھتی ہیں۔ اس سال ہمارے اسکول میں بھی یوم آزادی کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔
  تقریب کے صدر پرنسپل جناب________ تھے۔
  جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سینئر ٹیچر________ نے ادا کیے۔
- تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ جس کی سعادت ششم جماعت کے طالب علم کو حاصل ہوئی اس کے بعد نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے لیے نہم جماعت کے ایک طالب علم نے اپنی آواز کے سحر میں سب کو جکڑ لیا اور حاضرین پر سرور کی کیفیت طاری ہوگئی۔ اس کے بعد سیکرٹری صاحب نے تقریر کے لیے۔۔۔“
- خاکہ لکھنے کے بعد بچوں کو انفرادی طور پر شیٹیں دیں اور ہدایت دیں کہ تقریب کا احوال مربوط اور رواں انداز میں لکھیں جملوں میں ربط اور تسلسل کا بھی خاص خیال لکھا جائے۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بچوں کی لکھی تقریب کے احوال کو چیک کریں اور جائزہ لیں کہ ان کے جملوں میں تسلسل کا کس حد تک خیال رکھا گیا ہے۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: آؤ جھنڈیاں لگائیں | |

**مقاصد:** دیے گئے موضوع پر تقریر تیار کر سکیں۔

روز مرہ زندگی میں بجلی، پانی، گیس کے بلوں کے مندرجات پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، بجلی، پانی کا بل

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو دائروں میں بٹھائیں۔
- "پاکستان کی ترقی میں طلبہ و طالبات کے کردار" کے موضوع پر مختلف کتابیں لائبریری سے لائیں۔
- بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو موضوع سے متعلق ایک ایک کتاب مہیا کریں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ کتاب کا خاموشی سے مطالعہ کریں۔
- اور اہم نکات کو ذہن میں رکھیں۔
- مطالعے کے بعد ان نکات کو ایک دوسرے کو سنائیں اور بات چیت کر کے ایک مختصر مگر جامع مضمون تقریر کے لیے تیار کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔
- موضوع "پاکستان کی ترقی میں طلبہ و طالبات کا کردار" سے متعلق معلومات فراہم کریں۔
- اب انھیں ہدایت دیں سب بچے مل کر تقریر تیار کریں۔
- تقریر سے پہلے بچوں کو ہدایت دیں:
- بچوں کو بتائیں تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔
- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو مؤثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہے۔
- تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔
- ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔
- پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔
- اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تاکہ تقریر کو زیادہ مؤثر اور بھرپور بنایا جاسکے۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔

| |
|---|
| • درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سر گرمی کے لیے وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔<br>• تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔<br>• سر گرمی کے اختتام پر تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں اور تمام گروہوں کی تعریف کریں۔<br>• سوال نمبر 13 کی سر گرمی کروانے کے لیے ایک دن پہلے بچوں سے گھر سے بجلی اور پانی وغیرہ کے بل منگوائیں اور بچوں کو بل کے مندرجات پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے بلوں کے مندرجات سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: جائزہ1 | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر25 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر1 کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق طلبہ سے دی گئی نظم کو روانی سے پڑھوائیں اور ان کے تلفظ کو چیک کریں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور انھیں ایک دوسرے کو اپنے پسندیدہ استاد صاحب یا استانی صاحبہ کی خوبیاں بتانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ وہ جشنِ آزادی منانے کے لیے کیا کیا تیاریاں کرتے ہیں؟
- بچوں سے کتاب میں دی گئی حمد درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر5 میں دیے گئے جملے بورڈ پر لکھیں متفرق بچوں کو بورڈ پر بلا کر خط کشیدہ الفاظ کے مترادف لکھوائیں۔
- سوال نمبر6 میں دیے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں ان الفاظ کو الف بائی ترتیب سے اپنی کاپیوں میں لکھیں۔
- سوال نمبر7 میں دیے گئے موضوع پر دس جملے لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- ایک سے تیس لفظی گنتی بورڈ پر متفرق بچوں سے لکھوائیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹ ز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، سوالات پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ایک ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متعلق سوالات پر پرچیاں تیار کریں۔
- بچوں میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ پر ایمان کون لایا؟
- حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب کیا ہے؟
- آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ سے کیا رشتہ تھا؟
- بچوں کے گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک گھنٹی دیں۔
- پرچیوں میں سے ایک پرچی کھولیں اور اس پر لکھا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے گا اس گروہ کو دو نمبر دیے جائیں گے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کہیں کتاب کا صفحہ نمبر 26 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شجاعت" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر "26" کھولیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔

- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تا کہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح صفحہ نمبر 26 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔

**اعادہ:** (۳ منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (۵ منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (۲ منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔